صادق پکچرز کا

खोटा पैसा

کھوٹا پیسہ

اداکاران

شیاما۔ جانی واکر
جیون۔ وغیرہ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دھلی

سٹوری سیٹھ ہیرا مل اپنے بیٹے موتی کو نکھٹو ہونے کی وجہ سے "کھوٹا پیسہ" کہا کرتا تھا۔ یا اُس نے کھوٹا پیسہ کہہ کر اپنے بیٹے کو نکھٹو بنا دیا تھا۔ موتی سال کے بارہ مہینے سٹہ کار کھیلا کرتا تھا ——

آگے پردہ پر دیکھیں ——

کھوٹا پیسہ کے گانے

نمبر ۱

لڑکیاں:- آ ررر... ہولی ہے
لڑکی:- نینوں رنگ ہو، دل میں اُمنگ ہو
سیّاں بھی سنگ ہو، تو ہولی ہے ہولی
لڑکیاں:- ہولی ہے ہولی سکھی ہولی ہے ہولی
لہرا کے گالوں میں دھما کے
بھیگی چُنریا، بہکی نظریا
جو پھسلے تو ہم شرمائیں
لڑکی:- دل بے نہ زور ہو۔ سینے میں شور ہو
ساتھ چت چور ہو تو ہولی ہے ہولی...
لڑکیاں:- نینوں میں رنگ ہو....
لڑکی:- نینوں کے بان چلے، دُنیا کے دل جلے
لڑکیاں:- آئی ہے کب روز ہولی....
لڑکی:- اُدھر نکلے سواری، ادھر سے ہماری

اُدھر سے ہمجولی آئی

لڑکیاں:۔ اُدھر سے.....

لڑکی:۔ بجنی مردنگ ہو رنگوں کی جنگ ہو
بھیگا بھیگا انگ ہو تو ہولی سے ہولی

لڑکیاں:۔ نینوں میں رنگ ہو...

گانا نمبر ۲

حسینوں سنبھالو اپنی یہ دُنیا ہم چلے ویرانوں میں
دیکھو ہمارا نام نہ لینا اب اپنے دیوانوں میں
جس دُنیا کا حُسن ہے مالک
اُس دُنیا میں کیا رہنا
زُلفوں والے ناز تمہارے
آخر کب تک ہم سہتے
تم محلوں میں مست رہو ہم قدرت کے مہمانوں میں

حسینوں
تیرا حُسن نہ کبھی کسی کا عشق کی جھوٹی لستی ہیں
اچھا ہوا کہ روگ یہ چھوٹا اب گزرے گی مستی میں
دل میں ارمان ہی ہوں گے نہ کھیل ارمانوں میں

حسینوں
اب نہ خوشی سے کام ہمیں نہ مطلب ہے بربادی سے
آپ بنا لی اپنی بستی نگر نگر آزادی سے
کوئی جیئے یا مر جائے ہم مست ہیں اپنی تانوں میں

گانا نمبر ۳

جوگی آ ... جوگی آ
کہاں جانے لگا ہے منہ پھیر کے
ہم ہیں تیرے دیوانے بڑی دیر سے
قدر نہ جانی تو نے کبھی میرے پیار کی
خبر نہ پوچھی کبھی دل بے قرار کی
کیوں ہو گیا بے وفا ہائے
جوگی یہ کیا ہے لیا پریت میری چھوڑ کے
ظلم کیا رے تو نے دل میرا توڑ کے
کیسا یہ پھیر کیا ہائے
جگ کے نظاروں کو بھی تیرا انتظار ہے
میری باہوں کو بھی تیرا انتظار ہے
لوٹ بھی پھر یا ہائے

گانا نمبر ۴

ادائیں جب ہوں کھٹکے دار
نگاہیں بھی ہوں جھٹکے دار
تو بچ کے جائیں کہاں دل والے
اوشابا

لڑکی:۔ رسیلے نین مسافر مار
بڑی باتیں جس کی لچھے دار

تڑپکے جائیں کہاں دل والے

لڑکا:۔ آج کی اندھی دنیا سمجھے پیار کو کھوٹا پیسہ
یہ نہ جانے وقت پڑے پہ کام یہ آئے کیسا
کوئی لاکھ کرے انکار۔ مگر جب ہاتھ پکڑے یار
تڑپکے....

لڑکی:۔ پیار نہ کرتے تو یا مرتے
پیار کیا تو اچھا
سیدھی سادھی بات ہے جگ کی
ایک سے دو ہے اچھا

لڑکا:۔ اجی ہم تو ہیں تیار۔ دو کا نام ہی جوڑی دار
تڑپکے....

لڑکی: یہ بھلا پیار کا جس نے آکر کی دل میں دیوانی
اور دے تھی مجھ کو بھی بیڑیاں ایک پہلے والی

لڑکا:۔ کبھی وہ پہنے چوڑی دار
کبھی ظالم کالی شلوار
تڑپکے....

گانا نمبر ۵

یہ ظالم محبت کی چاٹ۔ بڑی تیکھی بڑی چٹ پٹی
اپنے اپنے مقدر کی بات
ہم کے حصے میں کتنی بٹی
جو نظر نہ ملائے۔ نہ جگر پہ چوٹ کھائے

اس دل کا فائدہ کیا جو کسی پہ آ نہ جائے
ہے وہ زندگی بھی کوئی زندگی
جو محبت کئے بن بیتے
جو ہوا نہ کسی کا دشمن ہے زندگی کا
لے لے مزا جہاں میں دم بھر تو عاشقی کا
تو جیا بھی تو کیا دو گھڑی کے لئے
جن کی پیار کی کھوٹ پٹی یہ ظالم
یہ دل کون جانے ٹوٹ جائے کس بہانے
کتنے بھی دے خوشی سے مرے پیار کے زمانے
لٹ گئے دل کئی مٹ گئے دل کئی
پر محبت کبھی نہ گھٹی

گانا نمبر ۸

ادو آجانِ جاں ایک مدت کے بعد یہاں
آ تو گئے ہو مگر کہاں جی
اتنے دن تم تھے کہاں
کچھ ملنے کی خوشی بھی ہے کچھ نہ ملنے کا غم
دیکھو رستے تھکے کب سے پیارے راہ تمہارا ہم
آج تمہیں ہم دیکھنے لگے
اپنے دل کے سب ارماں
دیکھ تمہیں امید کی ملے گی اب منزل
ورنہ پیار کی راہوں میں تھی مشکل ہی مشکل

قدم قدم پر دیکھے ہم نے یہاں موت کے نشاں
آیا ہے تو کچھ کہہ لے کچھ سن بھی لے منعم
کرے ہر جائی رات اندھارہ بکھر نہ جائیں ہم
اور کہوں کیا خوشی کے مارے
چپ ہے پیار کی زباں

ختم شد

پُراسرار عجیب کے جاسوسی ناول

جانباز جاسوس	1/6/.	ڈاکو شمشاد	1/0/-
،، حصہ دوم	1/6/.	خونی شہزادہ	1/0/-
تین نقاب پوش	1/0/-	چینی فرشتہ	1/6/.
دہلی کے عیاش	1/-/.	جادوگر جاسوس	1/6/.
جادوگر حسینہ	1/6/-	سمندری ڈاکو	1/0/.
موت کا مینار	1/6/-	باپ کا قاتل	1/-/.
خونی چنری	1/0/-	بہادر نازنیں	1/8/.
تین ڈاکو	1/0/-	سنہرے شہر میں کارلٹن	1/8/.
خونی نشان	1/-/.	فومنچو کا سایہ	6/0/.
فومنچو کی بیٹی	6/0/-	ڈاکٹر فومنچو کا انتقام	3/-/.
ڈاکٹر فومنچو	3/0/-	دو لاشیں	-/12/-
خونی سمندر	-/12/-	سراغرساں	-/12/.

گردش دوراں 3/8/.

خونی چراغ 1/9/.

چلتا پرزہ 1/8/-

منگانے کا پتہ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)